**ضلع کوٹلی** کے مشہور قصبہ ناڑ کے مشرق میں چند کلو میٹر کے فاصلے پر واقع موضع بنتھل میں حکومت آزاد کشمیر نے آج سے تقریباً 30 سال قبل ایک ڈسپنسری کا قیام عمل میں لایا۔ مکانیت کی عدم دستیابی کے سبب یہ ڈسپنسری برلب سڑک گاؤں کی ایک دکان میں قائم کی گئی۔ کچھ عرصہ بعد دکان کے مالک نے دکان خالی کروالی اور ڈسپنسری کو خواجہ محمد حنیف کی تحریک پر موضع مطیال منتقل کر دیا گیا۔ یہاں بھی ڈسپنسری کے لیے حکومت کی طرف سے مکانیت مہیا نہیں کی گئی تھی اس لیے مجبوراً اسے مولوی محمد اشرف کی دکان میں قائم کرنا پڑا۔




2005ء میں خواجہ محمد حنیف کے چھوٹے بھائی خواجہ محمد لطیف برطانیہ سے واپس اپنے گاؤں مطیال آئے تو انہوں نے ڈسپنسری کی خستہ حالی دیکھتے ہوئے اپنے چند مقامی زعماء سے مشورہ کیا تو طے پایا کہ برلب سڑک 10 مرلے جگہ خرید کر اپنی مدد آپ کے تحت ڈسپنسری کی عمارت تعمیر کی جائے چنانچہ چوہدری منیر صاحب نے 3 لاکھ روپے کے عوض یہ جگہ ڈسپنسری کے قیام کے لیے خرید لی۔

خواجہ محمد لطیف واپس برطانیہ گئے تو انہوں نے وہاں اپنے دوست احباب اور عزیز و اقارب سے اس کارِ خیر کے لیے چندہ جمع کرنا شروع کیا۔ چنانچہ 15 لاکھ روپے کی خطیر رقم جمع کر کے اپنے بھائی خواجہ محمد حنیف کو ارسال کی تا کہ ڈسپنسری کی عمارت تعمیر کی جا سکے۔ چنانچہ خواجہ محمد حنیف نے دس مرلہ قطعہ اراضی پر ڈسپنسری کی عمارت کی تعمیر کروائی جو کہ 3 کمروں پر مشتمل تھی۔

ڈسپنسری کی ضرورت کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے دس مرلہ جگہ مزید خرید کی گئی جس پر مزید تین کمرے تعمیر کیے گئے۔ ڈسپنسری کے گراؤنڈ فلور کے بعد اس کا اوپر والا پورشن بھی تعمیر کیا گیا۔



ڈسپنسری کی یہ عمارت اب دو منزلہ شکل میں دس کمروں پر مشتمل ہے۔ جس میں او۔ پی۔ ڈی روم، وارڈ روم، میڈیکل سٹور، زچہ بچہ سنٹر وغیرہ قائم ہے۔

اس ڈسپنسری کی تعمیر پر 70 لاکھ روپے کی خطیر رقم صرف ہوئی ہے جس کا سہرا خواجہ محمد لطیف اور ان کے ساتھیوں کے سر ہے۔

حکومت آزاد کشمیر، محکمہ صحت عامہ کی طرف سے تین ملازمین یہاں تعینات ہیں جن میں انچارج مرزا خالد محمود بیگ (میڈیکل ٹیکنیشن)، خوشحال (وارڈ بوائے)، نگہت مہربان (مِڈ وائف) جبکہ پرائیویٹ فنڈ سے ایک خاتون اقرا بی بی کو ماہانہ تنخواہ 15 ہزار ادا کی جا رہی ہے۔





**او پی ڈی:**







ڈسپنسری میں روزانہ آنے والے مریضوں کی تعداد اوسطاً 20 افراد ہے۔

**فری ادویات:**

ڈسپنسری میں قرب و جوار کے 85 ایسے مریضوں کا اندارج کیا گیا ہے جو غریب اور نادار ہیں اور اپنے علاج معالجے کے لیے ادویات نہیں خرید سکتے۔ چنانچہ ان رجسٹرڈ مریضوں کو مفت ادویات فراہم کی جاتی ہیں جو کہ ڈونر حضرات کی طرف سے ملنے والی فنڈنگ سے خریدی جاتی ہیں۔ ان مریضوں میں شوگر، بلڈ پریشر، مرگی اور فالج وغیرہ کے مریض شامل ہیں۔

UMMAH ٹرسٹ یو کے کی طرف سے پانچ سال تک وافر مقدار میں ادویات ملتی رہیں لیکن اب مذکورہ ٹرسٹ کی طرف سے ادویات نہیں مل رہی ہیں۔

**میڈیکل سٹور:**

مالی طور پر مستحکم مریضوں کے لیے ادویات خرید کرنے کی سہولت میڈیکل سٹور کی صورت میں موجود ہے۔

حکومت آزاد کشمیر کے محکمہ صحت عامہ کی طرف سے ملنے والی ادویات کا ریکارڈ رکھا گیا ہے۔ یہ محدود پیمانے کی ادویات ہوتی ہیں جو مریضوں کو دی جاتی ہیں۔

**اوقات کار:**

ڈسپنسری روزانہ صبح آٹھ بجے سے سہ پہر چار بجے تک کھلی رہتی ہے۔

**سہولیات:**



**ڈیجیٹل آٹو کلیو مشین:** ڈسپنسری میں آلات جراحی کو جراثیم سے پاک کرنے کے لیے

# MATYAL COMMUNITY TRUST HOSPITAL

# مطیال کمیونٹی ٹرسٹ ہسپتال

مطیال-ضلع کوٹلی-آزاد جموں کشمیر



FOR DONATIONS:

Barclays Bank | Matyal Community Trust | Account #: 13134385
Luton (United Kingdom)



## لائبریری کا قیام

ڈسپنسری کی کشادہ دومنزلہ عمارت میں ایک ہال نما کمرہ خالی ہے جس میں ایک لائبریری قائم کرنے کا منصوبہ ہے تاکہ عوام علاقہ اور طلبا وطالبات، تعلیم یافتہ نوجوان مطالعہ کتب کی طرف راغب ہوں اور اپنا فارغ وقت فضول سرگرمیوں میں صرف کرنے کی بجائے علمی وادبی سرگرمیوں میں صرف کریں۔ اس لائبریری میں سٹڈی ٹیبل، کرسیاں اور الماریاں رکھی جائیں گی۔ معقول تعداد میں کتب کا ذخیرہ جمع کیا جائے گا۔ لائبریری کے اوقات مقرر کیے جائیں گے۔ بڑوں اور بچوں کی دلچسپی کی کتب یہاں موجود ہوں گی۔

## اپیل

مطیال ڈسپنسری کے قیام اور اس کی تعمیر وترقی کے لیے جن مخیر حضرات نے مالی تعاون فراہم کیا ہے، ہم ان کے انتہائی ممنون ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس کارِخیر میں حصہ لینے والے خواتین وحضرات کو اجرِ عظیم عطا فرمائے۔ بطورِ خاص برطانیہ سے جن مخیر حضرات نے تعاون کیا وہ شکریے کے مستحق ہیں۔

عوامِ علاقہ مطیال سے بھی اپیل ہے کہ وہ اس منصوبہ کو ہر ممکن کامیاب بنانے اور مستقل بنیادوں پر قائم رکھنے کے لیے ہر ممکن تعاون کریں۔

مستقبل میں سولر سسٹم کی تنصیب اور لائبریری کا قیام اور ادویات کی فراہمی کے لیے مخیر خواتین وحضرات سے تعاون کی پُرزور اپیل ہے۔ امید ہے کہ آپ اس کارِخیر میں ہر ممکن حصہ لیں گے۔

خواجہ محمد لطیف (لیوٹن)

**For Donations:**

+44(0)7916334207
(Luton UK)

**Account:**

Barclays Bank
Matyal Community Trust
Sort Code: 20-05-73
Account #: 13134385





یہ مشین موجود ہے جس کی لاگت 3 لاکھ ہے۔

**آکسیجن سلینڈر:** ڈسپنسری میں آکسیجن سلنڈر کی سہولت ہمہ وقت موجود رہتی ہے۔

**سکشن مشین:** عمر رسیدہ اور لاچار مریضوں کے گلے سے ریشہ صاف کرنے کے لیے سکشن مشین کی سہولت موجود ہے۔

**لیبر روم:** ڈسپنسری میں زچہ بچہ سنٹر قائم کیا گیا ہے۔ یہاں مڈوائف نگہت خدمات سر انجام دیتی ہیں۔

**مطیال** جیسے دیہاتی علاقے میں اس ڈسپنسری کا قیام کسی نعمت سے کم نہیں۔ ڈسپنسری کا صاف ستھرا اور کشادہ ماحول اسے ایک Mini Hospital کا درجہ دیتا ہے۔ عوام




علاقہ کو علاج معالجے کی بنیادی سہولت فراہم کرنے میں مخیر حضرات نے بنیادی کردار ادا کیا ہے جو کہ صدقہ جاریہ سے کم نہیں۔

## مستقبل کے منصوبہ جات

### سولر سسٹم کی تنصیب:

ڈسپنسری میں بجلی کی بندش، (لوڈشیڈنگ) کی وجہ سے مریضوں کو درپیش مشکلات سے چھٹکارے کے لیے سولر سسٹم نصب کرنے کا منصوبہ بنایا گیا ہے جس پر تقریباً 6 لاکھ روپے کی لاگت آئے گی اور ہمہ وقت بجلی کی سہولت میسر رہے گی۔